اَلْحَمْدُلِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# یومیہ جدول برائے سنتیں سکھانا

مدنی پھول: جدول کا آغاز کورس کے دوسرے دن سے ہوگا لہٰذا دوسرے دن سے لے کر دسویں دن کا جدول پیشِ خدمت ہے۔ گیارہویں دن ٹیسٹ ہوگا۔ ☆ یہ مدنی پھول اشاروں میں سکھائے جائیں گے۔

## ﴾دوسرا دن﴿

## ﴾سلام کی سنتیں اور آداب﴿

☆ مسلمانوں سے ملاقات کرتے وقت اسے سلام کرنا سنت ہے۔

☆ سلام میں پہل کرنا سنت ہے۔

☆ سلام میں پہل کرنے والا تکبر سے بری ہے۔

☆ سلام میں پہل کرنے والے پر 90 رحمتیں اور جواب دینے والے پر 10 رحمتیں نازل ہوتی ہیں۔

(ماخوذ از 101 مدنی پھول)

## مصافحہ کرنے کی سنتیں اور آداب

☆ دو مسلمان کا بوقتِ ملاقات سلام کرکے دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا یعنی دونوں ہاتھ ملانا سنت ہے۔

☆ جتنی بار ملاقات ہو ہر بار ہاتھ ملا سکتے ہیں۔

☆ دونوں طرف سے ایک ایک ہاتھ ملانا سنت نہیں مصافحہ اور ہاتھ سے ملانا سنت ہے۔

☆ مصافحہ کرتے وقت سنت یہ ہے کہ دونوں ہتھیلیاں خالی ہوں اور ہتھیلی سے ہتھیلی ملنی چاہئے۔

☆ والدین کے ہاتھ بھی چوم سکتے ہیں۔ (ماخوذ از سنتیں اور آداب 101 مدنی پھول)



## ﴾تیسرا دن﴿

## ﴾بات چیت کی سنتیں اور آداب﴿

☆ مسکرا کر اور خندہ پیشانی سے بات چیت کیجئے۔

☆ بات کرتے ہوئے قہقہہ نہ لگائیں۔

☆ اپنی زبان کو ہمیشہ بری باتوں سے روکے رکھیں۔

☆ بدزبانی اور بے حیائی کی باتوں سے ہر وقت پرہیز کریں۔

(ماخوذ از سنتیں اور آداب)

## ﴾گھر میں آنے جانے کی سنتیں اور آداب﴿

☆ اپنے گھر میں آتے ہوئے بھی سلام کریں اور جاتے ہوئے بھی سلام کریں۔

☆ جب کسی کے گھر جانا ہو اجازت مانگنا سنت ہے۔

☆ اگر دروازے پر پردہ نہ ہو تو ایک طرف ہٹ کر کھڑے ہوں۔

☆ کسی کے گھر جھانکنا نہیں چاہئے۔

(ماخوذ از سنتیں اور آداب)

# ﴿چوتھا دن﴾

## ﴿سفرکی سنتیں اور آداب﴾

☆اگر سہولت ہو تو رات کو سفر کیا جائے کہ رات کو سفر جلد طے ہوتا ہے۔

☆جمعرات کو سفر کی ابتدا کرنا سنت ہے۔

☆جب بھی سفر پر روانہ ہوں تو چاہیئے کہ اپنے اہل وعیال کو اللہ عزوجل کے حوالے کر کے جائیں۔

☆سفر پر جانے سے قبل عزیزوں اور دوستوں سے معافی تلافی کر لینا چاہیئے۔

☆سفر سے واپسی پر گھر والوں کے لئے کوئی تحفہ لئے آئیں کہ یہ سنت ہے۔

☆بلندی پر چڑھتے ہوئے اللہ اکبر اور نیچے اترتے ہوئے سبحان اللہ کا ورد کرنا سنت ہے۔

(ماخوذ از سنتیں اور آداب ص42)

## ﴿سرمہ لگانے کی سنتیں اور آداب﴾

☆سرمہ لگانا سنت ہے۔

☆سوتے وقت سرمہ لگانا سنت ہے۔

☆ تین تین سلائیاں دونوں آنکھوں میں لگانا سنت ہے۔

☆ ہر آنکھ میں دو دو اور پھر ایک سلائی سرمہ والی کر کے دونوں آنکھوں میں لگانا بھی سنت ہے۔

☆دائیں آنکھ میں تین اور بائیں آنکھ میں دو لگانا بھی سنت ہے۔

(ماخذ از سنتیں اور آداب ص56)



# ﴿پانچواں دن﴾

☆ چھینک آئے تو آواز بلند کرنا حماقت ہے۔

☆ چھینک آئے تو الحمد للہ کہنا چاہیئے

☆ سننے والے پر واجب ہے کہ فوراً یرحمک اللہ کہے۔

☆ چھینک کا جواب ایک مرتبہ دینا واجب ہے۔

(ماخوذ از 101 مدنی پھول)

## ﴿ناخن تراشنے کی سنتیں اور آداب﴾

☆ہر جمعہ کو ناخن کاٹنا مستحب

☆40 دن سے زائد ناخن رکھنا جائز و مکروہِ تحریمی ہے۔

☆ناخن تراشنے کے بعد دفن کر دینا چاہیئے۔

☆ناخن تراشنے کا طریقہ "سیدھے ہاتھ کی شہادت والی انگلی سے شروع کر کے ترتیب وار چھنگلیا سمیت ناخن کاٹے جائیں مگر انگوٹھا چھوڑ دیں اب الٹے ہاتھ کی چھنگلیا سے شروع کر کے ترتیب وار انگوٹھے سمیت ناخن کاٹ لیجئے اب سیدھے ہاتھ کے انگوٹھے کا ناخن کاٹ لیں۔

(ماخوذ از 101 مدنی پھول)

# ﴿چھٹا دن﴾

## ﴿تیل ڈالنے ،کنگا کرنے اور آئینہ کی سنتیں اور آداب﴾

☆مانگ سر کے بیچ میں نکالی جائے کہ سنت ہے۔

☆تیل ڈالنے کا طریقہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم پڑھ کر تیل کی شیشی وغیرہ میں سے اُلٹے ہاتھ کیہتھیلی میں تھوڑا سا تیل ڈالیں پھر پہلے سیدھی آنکھ کی ابرو پر تیل لگائیں پھر الٹی کے ،اس کے بعد سیدھی آنکھ کی پلک پر پھر اُلٹی آنکھ کی پلک پر ،اب بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم پڑھ کر سر میں تیل ڈالیں۔

☆ تکریم کا ہر کام سیدھی (دائیں) جانب سے سنت ہے۔

☆ حضور علیہ السلام ریشِ مبارک میں کنگھا کرتے وقت آئینے میں اپنا روئے انور ملاحظہ فرماتے۔

☆اور اس طرح دعا فرماتے اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ حَسَّنۡتَ خَلۡقِیۡ فَحَسِّنۡ خُلُقِیۡ ط

اے اللہ عزوجل تو نے میری صورت اچھی بنائی ہے تو میری سیرت بھی اچھی کر دے۔

(ماخوذ از سنتیں اور آداب ص72)

## ﴿خوشبو کی سنتیں اور آداب﴾

☆ عمدہ قسم کی خوشبو لگانا سنت ہے۔

☆ سر میں خوشبو لگانا سنت ہے۔

☆مردانہ خوشبو وہ ہے کہ اس کی خوشبو ظاہر ہو مگر رنگ ظاہر نہ ہو۔

☆زنانہ خوشبو وہ ہے کہ رنگ تو ظاہر ہو مگر خوشبو ظاہر نہ ہو

(ماخوذ از سنتیں اور آداب ص82)



# ﴿ساتواں دن﴾

## ﴿کھانے کی سنتیں اور آداب﴾

☆ کھانے سے قبل کھانے کا وضو کریں یعنی ہاتھ اور منہ کا اگلا حصہ دھونا کھانے کا وضو ہے۔

☆ کھانا کھانے کے لئے بیٹھنے کے تین طریقے منقول ہیں (1) اُلٹا پاؤں بچھا دیں اور سیدھا پاؤں کھڑا رکھیں (2) سرین پر بیٹھ جائیں (3) دونوں گھٹنے کھڑے رکھیں۔

☆ کھانے سے قبل بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم پڑھ لیں۔

☆سیدھے ہاتھ سے کھائیں۔

☆اپنے سامنے سے کھائیں۔

☆ کھانے میں کسی قسم کا عیب نہ نکالیں۔

(ماخوذ از 101 مدنی پھول)

## ﴿پانی پینے کی سنتیں اور آداب﴾

☆پانی بیٹھ کر پینا چاہیئے۔

☆سیدھے ہاتھ سے پینا چاہیئے۔

☆اُجالے میں دیکھ کر پینا چاہیئے۔

☆بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم پڑھ کر پانی پینا چاہیئے۔

☆ تین سانس میں چوس کر پینا چاہیئے۔

☆ پینے کے بعد الحمد للہ کہنا چاہیئے۔

(ماخوذ از 101 مدنی پھول)

# ﴾آٹھواں دن﴿

## ﴾چلنے کی سنتیں اور آداب﴿

☆مسلمانوں کو درمیانہ اور پُروقار طریقے پر چلنا چاہیئے۔

☆راہ چلنے میں پریشان نظری سے بچیں۔

☆اگر کوئی رکاوٹ نہ ہو تو درمیانی رفتار سے راستے کے کنارے کنارے چلیں۔

(ماخوذاز 101 مدنی پھول)

## ﴾جوتا /چپل کے متعلق سنتیں اور آداب﴿

☆پہلے سیدھا جوتا پہنیں پھر اُلٹا اور اُتارنے میں پہلے اُلٹا اُتاریں پھر سیدھا کہ یہ سنت ہے۔

☆جوتے پہنتے وقت جھاڑ لینا چاہیئے کہ اگر کوئی کیڑا وغیرہ ہو تو نکل جائے۔

☆مرد مردانہ اور عورت زنانہ جوتا استعمال کرے۔

☆استعمالی جوتا اُلٹا پڑا ہو تو سیدھا کر دیں۔

(ماخوذاز سنتیں و آداب)



# ﴾نواں دن﴿

## ﴾بیٹھنے کی سنتیں اور آداب﴿

☆قبلہ رخ ہو کر بیٹھیں۔

☆بیٹھنے میں سرین زمین پر رکھیں دونوں گھٹنوں کو کھڑا کر کے دونوں ہاتھوں میں گھیر لیں (ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ کو پکڑ لیں) اس طرح بیٹھنا سنت ہے۔

☆چار زانوں یعنی پالتی مار کر بیٹھنا بھی نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم سے ثابت ہے۔

☆جہاں کچھ دھوپ اور کچھ چھاؤں ہو وہاں نہ بیٹھیں۔

☆بیٹھنے سے قبل جوتا اُتار لیں۔

☆جب کوئی عالم باعمل یا متقی شخص یا سید صاحب یا والدین آئیں تو تعظیماً کھڑے ہو جانا ثواب ہے۔

(ماخوذاز 101 مدنی پھول)

## ﴾لباس کے متعلق سنتیں اور آداب﴿

☆سفید لباس ہر لباس سے بہتر ہے اور سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم نے اسے پسند فرمایا۔

☆پہنتے وقت سیدھی طرف سے شروع کریں۔

☆جب بھی قمیض، برقعہ وغیرہ پہنیں تو سیدھی آستین میں سیدھا ہاتھ داخل کریں پھر اُلٹی میں، اسی طرح پاجامہ میں پہلے سیدھا پاؤں داخل کریں پھر اُلٹا داخل کریں۔

(ماخوذاز 101 مدنی پھول)

# ﴾دسواں دن﴿

## ﴾سونے جاگنے کی سنتیں اور آداب﴿

☆سونے سے قبل 3 مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھ کر بستر جھاڑ لیں۔

☆ کبھی چٹائی پر، کبھی بستر پر اور کبھی فرشِ زمین پر ہی سو جائیں۔

☆اُلٹا یعنی پیٹ کے بل نہ سوئیں۔

☆داہنے کروٹ پر لیٹنا سنت ہے۔

(ماخوذ از 101 مدنی پھول)

## ﴾زینت کی سنتیں اور آداب﴿

☆سرکار مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم صفائی اور پاکیزگی کو بے حد پسند فرماتے تھے۔

☆منہ اور بدن سے بو آنے کی صورت میں لوگ پریشان ہوتے ہیں اور فرشتوں کو بھی تکلیف۔

☆اون یا سیاہ دھاگے کی چوٹی عورتوں کو سر میں لگانا جائز ہے۔

☆لڑکیوں کے کان چھیدنا جائز ہے چھوٹے بعض مرد بھی کان چھدواتے ہیں یہ ناجائز ہے۔

☆بچوں کو ایسے لباس نہ پہنائیں جس پر کسی انسان یا جانور کی تصویر بنی ہوئی ہو۔

☆عورت اپنے شوہر کے لئے جائز اشیاء سے، مگر گھر کی چار دیواری میں زینت کرے۔

(ماخوذ از سنتیں اور آداب ص78)



# ﴾گیارہواں دن﴿

اب تک جتنی سنتیں سکھائی گئیں اُن کی دہرائی اس طرح کروائی جائے کہ باری باری اسلامی بہنوں کو بُلا کر اِن سے کوئی ایک سنّت اشاروں میں کروائی جائے۔ نیز جو اسلامی بہنیں بہتر ترکیب بنائیں اُن کی حوصلہ افزائی اور کمزوری ہونے پر مزید مشق کی ترغیب دلائی جائے۔

# ﴾بارہواں دن﴿

اب تک جو بھی سکھایا گیا اُس کا ٹیسٹ لیا جائے۔